KOHINOOR TEXTILE MILLS LTD.

# کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: 42۔لارنس روڈ لاہور۔فون نمبر 042-36302261-62

KMLG
Kohinoor Maple Leaf Group

# خصوصی امور پر الیکٹرانک ووٹنگ سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار

یہ بروز سوموار 07 اکتوبر 2024ء کو شائع ہونے والے اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام کے تسلسل میں ہے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن مورخہ 05 دسمبر 2022 کے ذریعے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 ترمیم شدہ کی پیروی میں ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے، جس میں، SECP نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ دینے اور خصوصی امور کے طور پر درجہ بند تمام امور پر ممبران کو ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کا حق فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

اس کے مطابق، کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (" کمپنی ") کے اراکین کو ضروریات کے مطابق اور مذکورہ ضوابط میں موجود شرائط کے تابع بروز سوموار 28 اکتوبر 2024ء کو دوپہر 12:00 بجے منعقد ہونے والے اس کے آئندہ سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ کا حق استعمال کرنے یا خصوصی امور کے لیے ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

اراکین کی سہولت کے لیے، بیلٹ پیپر نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.kmlg.com پر بھی ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہے۔

بحکم بورڈ

لاہور: 18 اکتوبر 2024

**محمد اشرف** (کمپنی سیکرٹری)

## ای ووٹنگ کا طریقہ کار

a۔ ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات ای میل کے ذریعے کمپنی کے ان ممبروں کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد CNIC نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 21 اکتوبر 2023ء کو کاروبار کے اختتام تک دستیاب ہیں۔

b۔ ویب ایڈریس، لاگ اِن تفصیلات اراکین کو ای میل کے ذریعے پہنچائی جائیں گی۔ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے اراکین کو سیکیورٹی کوڈز سے آگاہ کیا جائے گا۔

c۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d۔ ای ووٹنگ لائنیں 24 اکتوبر، 2024ء کو صبح 09:00 بجے سے شروع اور 27 اکتوبر، 2023ء کو شام 05:00 بجے بند ہوں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد، اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

## پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا طریقہ کار:

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ہمراہ صحیح طریقے سے پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر اجلاس کے چیئرمین تک کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، 42-لارنس روڈ، لاہور پر ڈاک یا chairman@kmlg.com پر ای میل کے ذریعے سالانہ اجلاس عام سے ایک دن پہلے یعنی 27 اکتوبر 2023ء کو اوقات کار کے دوران پہنچ جانے چاہئیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC پر دستخط سے مماثل ہوں گے۔

## سکروٹینائزر کے بارے میں معلومات

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے ضوابط (4)4 اور 11 کے حوالے سے، ذیل میں بروز سوموار 28 اکتوبر، 2024ء کو منعقد ہونے والے کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (کمپنی) کے آئندہ سالانہ اجلاس عام (AGM) کے مقصد کے لیے سکروٹینائزر کی بابت معلومات دی گئی ہیں۔

| سکروٹینائزر کا نام | میسرز جنیدی شعیب اسد، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس |
|---|---|
| قابلیت اور تجربہ | فرم نے گزشتہ دہائی کے دوران ملک میں سرکاری اور نجی شعبے کی تنظیموں کو آڈیٹنگ ٹیکسیشن، بزنس ایڈوائزری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، انسانی وسائل اور کارپوریٹ خدمات پیش کرنے والی ایک سرکردہ کثیر الشعبہ تنظیم کے طور پر نمو پائی ہے۔<br>میسرز جنیدی شعیب اسد، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ۔UHY انٹرنیشنل کے رکن ہیں، جو دنیا کے معروف اکاؤنٹنگ اور بزنس ایڈوائزری نیٹ ورک میں سے ایک ہے، جس کے پوری دنیا کے 90 ممالک میں 330 سے زیادہ کاروباری مراکز میں دفاتر ہیں۔<br>فرم انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP) کی طرف سے ایک تسلی بخش کوالٹی کنٹرول ریویو (QCR) کی حیثیت رکھتی ہے جو فرم کے برقرار رکھے گئے کوالٹی معیارات کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے پینل پر رجسٹرڈ اور USAID کے پینل پر ہے۔ |
| تقرری کا مقصد | کمپنی کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 میں مذکورہ کے مطابق شریک کمپنیوں میں سرمایہ کاری سے متعلق امور کی انجام دہی کے لئے AGM میں ووٹنگ کے مقصد کے لیے ایک سکروٹینائزر تقرر کرنا ضروری ہے۔<br>لہٰذا، سکروٹینائزر کو یہ مشاہدہ کرنے کے لیے مقرر کیا جاتا ہے کہ مناسب احتیاطی تدابیر سمیت ووٹنگ کے عمل کے تسلی بخش طریقہ کار کو یقینی اور ضابطہ 11A کے مطابق رپورٹ کیا گیا ہے۔ |

---

KOHINOOR TEXTILE MILLS LTD.

# کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

رجسٹرڈ آفس: 42۔لارنس روڈ لاہور۔فون نمبر 042-36302261-62

KMLG
Kohinoor Maple Leaf Group

## پوسٹل بیلٹ پیپر

بروز سوموار 28 اکتوبر 2024ء کو دوپہر 12:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 42-لارنس روڈ، لاہور میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی امور کے لیے ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر۔

فون: 042-36302261-62 ویب سائٹ: www.kmlg.com

| | |
|---|---|
| فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| ملکیتی حصص کی تعداد | |
| CNIC/ پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |
| اضافی معلومات اور وضاحتیں (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام: | |
| مجاز دستخط کنندہ کا CNIC/ پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |

### ایجنڈا آئٹم نمبر 3 کے لئے قرارداد

غور وخوض اور اگر بہتر خیال کیا گیا تو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ڈائریکٹرز کے سفارشات کے مطابق درج ذیل قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا۔

خصوصی قرارداد کے ذریعے قرار پایا کہ کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (کمپنی) کو رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے اور بذریعہ ہذا تین ماہ کے KIBOR شرح سے ایک فیصد زیادہ یا کمپنی کے اوسط قرضہ کی لاگت سے ایک فیصد زیادہ، جو بھی زیادہ ہو، کے مارک اپ شرح پر یکم نومبر 2024ء تا 31 اکتوبر 2025ء (دونوں ایام سمیت) ایک سال کی مدت کیلئے 1,000 ملین روپے (ایک ہزار ملین روپے صرف) مجموعی رقم تک ذیلی کمپنی میپل لیف سیمنٹ فیکٹری لمیٹڈ میں وقتاً فوقتاً قرضوں/ پیشگیوں کی شکل میں سرمایہ کاری کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 199 کے مطابق ہے۔ حصص داران کی طرف سے 19 اکتوبر 2023ء کو منعقدہ اجلاسِ عام میں منظور شدہ خصوصی قرارداد کی رُو سے، کمپنی 1,000 ملین روپے کی حد تک اس طرح کی سہولت توسیع کرنے کی مجاز تھی جو 31 اکتوبر 2024ء تک کارآمد ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکرٹری بذریعہ ہذا بالا قراردادوں کو مؤثر بنانے کیلئے ذیلی کمپنی کو قرضوں/ پیشگیوں کے سلسلہ میں ٹرانزیکشن مکمل کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھانے، واقعاتی اور حادثاتی، کارپوریٹ اور قانونی لوازمات پورے کرنے لیکن محدود نہیں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن پاکستان (SECP) کے ہاں تمام مطلوبہ قانونی فارمز اور تمام دیگر دستاویزات جمع کرانے، تمام ایسے نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کوئی دیگر دستاویزات یا آلات مکمل کرنے کے واحد مجاز ہیں۔

### ایجنڈا آئٹم نمبر 4 کے لئے قرارداد

غور وخوض اور اگر بہتر خیال کیا گیا تو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 199 کے تحت ڈائریکٹرز کے سفارشات کے مطابق درج ذیل قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا۔

خصوصی قرارداد کے ذریعے قرار پایا کہ کوہِ نور ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ (کمپنی) کو رضامندی اور منظوری دی جاتی ہے اور بذریعہ ہذا تین ماہ کے KIBOR شرح سے ایک فیصد زیادہ یا کمپنی کے اوسط قرضہ کی لاگت سے ایک فیصد زیادہ، جو بھی زیادہ ہو، کے مارک اپ شرح پر یکم نومبر 2024ء تا 31 اکتوبر 2025ء (دونوں ایام سمیت) ایک سال کی مدت کیلئے 1,000 ملین روپے (ایک ہزار ملین روپے صرف) مجموعی رقم تک ذیلی کمپنی میپل لیف کیپٹل لمیٹڈ میں وقتاً فوقتاً قرضوں/ پیشگیوں کی شکل میں سرمایہ کاری کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 199 کے مطابق ہے۔ حصص داران کی طرف سے 19 اکتوبر 2023ء کو منعقدہ اجلاسِ عام میں منظور شدہ خصوصی قرارداد کی رُو سے، کمپنی 1,000 ملین روپے کی حد تک اس طرح کی سہولت توسیع کرنے کی مجاز تھی جو 31 اکتوبر 2024ء تک کارآمد ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکرٹری بذریعہ ہذا بالا قراردادوں کو مؤثر بنانے کیلئے ذیلی کمپنی کو قرضوں/ پیشگیوں کے سلسلہ میں ٹرانزیکشن مکمل کرنے کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھانے، واقعاتی اور حادثاتی، کارپوریٹ اور قانونی لوازمات پورے کرنے لیکن محدود نہیں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمشن پاکستان کے ہاں تمام مطلوبہ قانونی فارمز اور تمام دیگر دستاویزات جمع کرانے، تمام ایسے نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کوئی دیگر دستاویزات یا آلات مکمل کرنے کے واحد مجاز ہیں۔

### ایجنڈا آئٹم نمبر 5 کے لئے قرارداد

درج ذیل خصوصی قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم پاس کر کے 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی گئی ٹرانزیکشنز کی تصدیق اور منظوری دینا۔

قرار پایا کہ 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے غیر اشتمال شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 38 میں انکشاف اور دفعہ 134(3) کے تحت مادی معلومات کے بیان میں مخصوص ہے اور بذریعہ ہذا تصدیق، منظور اور توثیق کی گئی ہیں۔

### ایجنڈا آئٹم نمبر 6 کے لئے قرارداد

درج ذیل خصوصی قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم پاس کر کے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لئے متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی تصدیق اور منظوری دینے کا بااختیار بنانا۔

قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کیس ٹو کیس بنیاد پر متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کی جانے والی ٹرانزیکشنز کی تصدیق اور منظوری دینے کے بااختیار ہیں۔

مزید قرار پایا کہ بورڈ کی طرف سے منظور کردہ ٹرانزیکشنز حصص داران سے بھی منظور شدہ خیال کی جائیں گی اور ان کی رسمی تصدیق/ منظوری کے لئے اگلے سالانہ اجلاس عام میں حصص داران کے روبرو رکھی جائیں گی۔

### انتخابات کے لئے ہدایات

1۔ براہِ مہربانی متعلقہ بکس میں ( ✓ ) ٹک کا نشان لگا کر اپنے ووٹ کا اظہار کریں۔

2۔ بصورت اگر دونوں بکس میں ( ✓ ) ٹک کا نشان لگایا گیا تو آپ کا ووٹ "مسترد" تصور ہوگا۔

میں/ ہم مندرجہ بالا قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/ اپنے ووٹ استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب باکس میں ٹک ( ✓ ) کا نشان لگا کر قراردادوں پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتے ہیں:

| قرارداد | میں/ ہم قرارداد پر رضامند ہیں (FOR) | میں/ ہم قرارداد کے خلاف ہیں (AGAINST) |
|---|---|---|
| ایجنڈا آئٹم نمبر 03 کے لئے قرارداد | | |
| ایجنڈا آئٹم نمبر 04 کے لئے قرارداد | | |
| ایجنڈا آئٹم نمبر 05 کے لئے قرارداد | | |
| ایجنڈا آئٹم نمبر 06 کے لئے قرارداد | | |

نوٹس:

1۔ صحیح طریقے سے پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین کو 42۔لارنس روڈ، لاہور، یا chairman@kmlg.com پر ای میل بھیجنا چاہیے۔

2۔ CNIC / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ بیلٹ پیپر AGM سے ایک دن قبل یعنی 27 اکتوبر 2024ء کو یا اس سے پہلے صدر اجلاس تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

5۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کاٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

6۔ باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں، کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 138 یا 139، جیسا کہ قابل اطلاق ہو، کے مطابق بیلٹ پیپر کے ساتھ مجاز شخص کے CNIC کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی/ اتھرائزیشن لیٹر وغیرہ کی تصدیق شدہ کاپی ہمراہ ہونا ضروری ہے۔

7۔ بیلٹ پیپر فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.kmlg.com پر بھی رکھا گیا ہے۔ اراکین ویب سائٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اخبارات میں شائع ہونے والی اصل/ فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

______________________

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر/ مجاز دستخط کنندہ کے دستخط:

(کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں، براہِ مہربانی کمپنی کی مہر ثبت کریں) تاریخ: ______________